حمد

اسماعیل صبری

رب ھب لی ھدی و اطلق لسانی
واثر خاطری و ثبت جنانی

خدایا مجھے ہدایت عطا فرما، طلاقت لسانی عنایت فرما، میرے دل کو سکون عطا فرما اور میری ڈھال مستحکم بنا دے۔

کن معینی ان اعجزتنی القوافی
و نصیری فی سامیات المعانی

اگر قوافی سد راہ ثابت ہوں تو تو بلندی معانی کے نظم میں میرا ناصر و مددگار بن جا۔

انت قصدی و غایتی و رجائی
مالک الملك مبدع الاکوان

اے مالک الملک! اے ساری کائنات کے موجد! تو ہی تو میری منزل، میری غایت اور میری امید ہے۔

و جمال فی کل شیئی تجلّی
سبح الحسن فیه للرحمان

اور تمام اشیا میں خوب صورتی نمایاں ہے، ہر چیز کا حسن و جمال اللہ کی پاکی بیان کر رہا ہے۔

جل شان الا له رب البرایا
خلق الخلق دائم الاحسان

وہ اللہ جلالت شان کا حامل ہے، جو تمام مخلوقات کا رب ہے، مخلوق کو پیدا کرنے والا ہے، اور دائمی احسان والا ہے۔

واحد قاهر سمیع بصیر
عالم الغیب صاحب السلطان

وہ اکیلا ہے، غلبے والا ہے، سننے والا ہے، دیکھنے والا ہے، عالم الغیب اور صاحب قدرت ہے۔

حکم، عادل ،لطیف، خبیر
نافذ الامر، واسع الغفران

وہ حاکم ہے، عادل ہے، مہربان ہے، آگاہ ہے، حکم کو نافذ کرنے والا اور حد درجہ معاف کرنے والا ہے۔

یعلم السر فی الصدور واخفی
والیه سیحشر الثقلان

وہ دلوں کے رازوں کو جانتا ہے اور (کچھ اشیا کو) پوشیدہ کر رکھا ہے اور جن وانس اسی کے حضور جمع کیے جائیں گے۔